اکرام اللہ ساجد، کاشف ملک

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب . . . . . جاگو اور جگاؤ
مصنف . . . . . . راز کاشمیری ایم۔ اے
قیمت . . . . . . پانچ روپے
ناشر . . . . . سدا بہار پبلیکیشنز ذوالقرنین مارکیٹ، گنپت روڈ۔ لاہور

خواجہ عبدالمنان رازؔ کاشمیری ایک عرصہ سے بچوں کیلئے نظمیں اور کہانیاں لکھ رہے ہیں جو تقریباً ہر قابلِ ذکر پرچے میں شائع ہوتی ہیں۔ "جاگو اور جگاؤ" بچوں کے لئے ان کی نظموں کا مجموعہ ہے۔ ان کی شاعری مقصدی شاعری ہے۔ اس مجموعہ میں بھی ان کی تمام تر نظمیں اسلامی، اخلاقی اور ملی موضوعات پر ہیں۔ زبان و بیان کے لحاظ سے سلیس، شگفتہ اور دل کش ہیں۔
کتاب میں خوبصورتی اور گٹ اپ کے علاوہ بچوں کی نفسیات کو بھی خصوصی طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے تاکہ بچے اس میں زیادہ سے زیادہ دلچسپی لے سکیں، کتابت جلی اور اعلیٰ، دو رنگہ طباعت ہر صفحہ پر تصویر اور ٹائیٹل نہایت خوبصورت دیدہ زیب ہے ——— ساری کی ساری نظموں کے لئے کہا جا سکتا ہے کہ بچوں کے لئے بیحد مفید ہیں ——— !

نام کتاب . . . . علی گڑھ کے تین فرزند
مصنف . . . . ڈاکٹر نسیم سوہدروی (مسلیگ)
قیمت . . . . دو روپے
ناشر . . . . مکتبہ شاہکار پوسٹ بکس ۱۷۵۴ - لاہور

ڈاکٹر نسیم سوہدرری علمی، ادبی اور طبی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ موصوف ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے آزادی کی منزلیں اپنی آنکھوں سے دیکھیں اور اپنی عمر کا ایک حصہ جدوجہد آزادی کے علمبرداروں کے ساتھ گزارا۔

اس کتاب میں نسیم صاحب نے، جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے، علی گڑھ کے تین جیالے سپوتوں مولانا محمد علی جوہر، مولانا حسرت موہانی اور مولانا ظفر علی خاں کی داستانِ جدوجہد آزادی اور شاعری پر قلم اٹھایا ہے اور یہ کہا جاسکتا ہے کہ انہوں نے حق ادا کر دیا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسی کتابوں کو وسیع پیمانے پر چھپوا کر نوجوان اور تعلیم یافتہ طبقہ میں تقسیم کیا جائے تاکہ یہ بات ذہن نشین رہے کہ آزادی کتنی بڑی نعمت ہے اور اس کے لیے قوم نے کس قدر عظیم قربانیاں دی تھیں۔ آزادی کی قدر نہ جان کر ہم سقوطِ مشرقی پاکستان کی شکل میں پہلے ہی کافی سزا بھگت چکے ہیں۔ اور آج پھر آزادی کی مختلف تاویلیں پیش کی جارہی ہیں۔ کتاب کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ جدوجہدِ آزادی کے علمبرداروں میں ایک ہی قدر مشترک تھی یعنی اسلام، جس کی خاطر وہ اپنا تن من دھن نثار کرنے کو تیار ہو گئے تھے اور افسوس، جس کو ہم آج قطعی فراموش کر چکے ہیں۔

اتنی کم قیمت پر اتنے جامع مواد کی حامل اس کتاب کا مطالعہ ہر صاحبِ ذوقِ علم و ادب اور پڑھے لکھے افراد کے لئے ضروری ہے!

ترجمان الحدیث، الاسلام اور دیگر دینی کتب
و جرائد کے لئے یہ پتہ یاد رکھیں
مکتبہ وہابیہ ہاشمی کالونی گوجرانوالہ